نعت

ما مشیٰ الا و من هیبب الشذی
یعرف المشتاق این المرتحل

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے جسم مبارک سے اٹھنے والی خوشبو سے
مشتاقانِ زیارت معلوم کر لیتے تھے کہ آپ ﷺ کہاں تشریف لے گئے ہیں؟

اطیب الطیب لهم فی عرسهم
عرق من جسمه الاذکیٰ نسل

صحابہ کرامؓ کے ہاں شادی وغیرہ کے اہم موقع پر سب سے زیادہ
استعمال ہونے والی خوشبو آپ ﷺ کے جسمِ اطہر کا پسینہ ہوتا تھا۔

کفه شثن، حریر، ناعم
مسها یکفی معاناة العلل

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ہتھیلی نازک، گداز اور ریشم کی طرح ملائم تھی۔ اور
آپ ﷺ کی ہتھیلی کا کسی بیمار کو چھولینا ہی اس کی بیماری کا کافی علاج تھا۔

کلما مَس لشاة ضرعها
عاد فیه الدر منه واحتفل

جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم بکری کے تھن پر ہاتھ پھیر دیتے تھے، تو تھنوں میں
دودھ لوٹ آتا تھا، اور تھن دودھ سے لبریز ہو جاتے تھے۔

رحمة للخلق مهداة لهم
تشمل الکل علی قدرالعمل

آپ صلی اللہ علیہ وسلم تمام مخلوق کے لئے رحمت بنا کر بھیجے گئے ہیں اور اس
رحمت میں تمام مخلوق اپنے اپنے عمل کے مطابق شامل ہے۔

مولانا محمد حبیب الرحمٰن عثمانی رحمہ اللہ